گلگت بلتستان کے عوام ہمیشہ پیپلز پارٹی کا ساتھ دیتے آئے ہیں' بھٹو نے روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ صرف بلند نہیں کیا بلکہ اس پر عملدرآمد بھی کیا' اس بار عوام کو یقینی بنانا ہوگا کہ پیپلز پارٹی کا امیدوار اسمبلی میں پہنچے

فارم 45 کا بندوبست عوام کریں فارم 47 کا میں کر لوں گا

گلگت بلتستان کے لوگوں نے قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کا ساتھ دیا اور قائد عوام نے یہاں کے غریب، کمزور اور پسماندہ طبقے کا ساتھ دیا' اگر پاکستان کے پاس جوہری قوت ہے تو وہ بھی جئے بھٹو کے نعرے کی وجہ سے ہے' عوام کی محبت اور حمایت کی وجہ سے بے نظیر بھٹو مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم منتخب ہوئیں' گلگت کے عوام نے کبھی پیپلز پارٹی کو مایوس نہیں کیا

گزشتہ انتخابات میں پارٹی سے نشستیں چھین لی گئی تھیں' مجھے یقین ہے کہ اس بار پیپلز پارٹی کیساتھ کوئی ناانصافی نہیں ہوگی اور نہ ہی کوئی نشست چرائی جائیگی' عوام انتخابی دن گھروں سے نکلیں

ووٹ ڈالیں اور فارم 45 حاصل کر کے گھر جائیں' پیپلز پارٹی کا بنیادی فلسفہ روٹی، کپڑا اور مکان ہے اور پارٹی اسے اپنی ذمہ داری سمجھتی ہے' چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا انتخابی جلسے خطاب

وزیراعظم شہباز شریف سے یورپی یونین کی خارجہ پالیسی سربراہ کایا کالاس ملاقات کر رہی ہیں

شرکاء کے عوام کے پاس واپس آئے ہیں، کیونکہ گلگت بلتستان کے عوام ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی کا ساتھ دیتے آئے ہیں۔ یہاں

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 2

بلتستان کے ملاقاتی شرکین انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ

رحیم یار خان:

پٹواریوں کی ہڑتال' ڈی ایم ایم لاگ ان آئی ڈیز بلاک کرنے کا حکم جاری

تمام پٹواریوں کی لاگ ان آئی ڈیز ہڑتال کے اختتام تک یا مزید احکامات تک معطل رہیں گی

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کے مراسلے کی نقول اسسٹنٹ کمشنر اور تحصیل سیکرٹری کو ارسال

رحیم یار خان (حبیب اللہ ملک چیف ایڈیٹر روزنامہ صاف صاف رحیم یار خان) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) رحیم یار خان نے ضلع میں جاری پٹواریوں کی ہڑتال کے پیش نظر اہم فیصلہ کرتے ہوئے تمام پٹواریوں کی ڈی ایم ایم (DMM) لاگ ان آئی ڈیز فوری طور پر بلاک کرنے کا حکم جاری کر دیا

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 3

Online-www.dailysaafsaaf.com Email-dailysaafsaaf@yahoo.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED رحیم یار خان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

Daily SAAF SAAF Rahim Yar Khan

روزنامہ صاف صاف رحیم یار خان پاکستان

چیف ایڈیٹر حبیب اللہ ملک

ایڈیٹر: انجینئر شہریار ملک

0345/0334-8676363

جلد نمبر 25 | بروز منگل 02 جون 2026ء 16 ذوالحجہ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 288

پاکستان کو بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے دفاع اور اپنے شہریوں کے تحفظ کا مکمل حق حاصل ہے' آنیوالے برسوں میں پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعاون مزید فروغ پائیگا: کایا کالاس

یورپی یونین کی افغانستان سے دہشتگردی کیخلاف پاکستان کے دفاع کی حمایت

یورپی یونین نے مسلسل دونوں ممالک پر تحمل کا مظاہرہ کرنے اور کشیدگی میں کمی لانے پر زور دیا کیونکہ موجودہ حالات میں فضائی حملوں کے بجائے مذاکرات ہی مسائل کا مؤثر حل ہیں' امریکا اور ایران تنازع نے دنیا کو توانائی کے سنگین بحران سے دوچار کیا جس کے باعث پائیدار جنگ بندی اور سفارتی عمل کے تسلسل کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے' موجودہ صورتحال میں اسلام آباد کی ثالثی کی کوششیں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں' پاکستان اور یورپی یونین علاقائی اور عالمی استحکام کے حوالے سے مشترکہ ترجیحات رکھتے ہیں جبکہ پاکستان خطے کی ایک بڑی طاقت ہے اور یورپی یونین کا اہم شراکت دار ہے: یورپی یونین کی خارجہ پالیسی سربراہ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) یورپی یونین کی خارجہ پالیسی سربراہ کایا کالاس نے کہا ہے کہ افغانستان سے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے

اسلام آباد میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ساتھ مشترکہ نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کالاس نے کہا کہ پاکستان کو بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے دفاع اور اپنے شہریوں کے تحفظ کا مکمل حق حاصل ہے، تاہم ملاقاتی تنازعات کے حل

مسلسل دونوں ممالک پر تحمل کا مظاہرہ کرنے اور کشیدگی میں کمی لانے پر زور دیا، کیونکہ موجودہ حالات میں فضائی حملوں کے بجائے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 1

رحیم یار خان: ڈی پی او سوہاب چدھڑ ٹریفک سٹاف کے ہمراہ قانون شکنوں کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے جبکہ لین لائن کی پابندی یقینی بنائی جا رہی ہے

ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر کی فیلڈ میں روڈ ڈسپلن کے متعلق بریفنگ

لین لائن، سیٹ بیلٹ، ہیلمٹ کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف کارروائی

رحیم یار خان (بیڈ آؤٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر کی

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 11

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر شیخ انور چیمہ اور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

ملک ابراہیم کی قیادت میں ستھرا پنجاب کا بلیک میلرز کیخلاف احتجاج

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ایمانداری' صاف شفاف' محنت لگن اور خلوص سے کام کر رہے ہیں

شہر پسند اور بلیک میلر گروہ کام میں رکاوٹ اور رشوت لینے کی کوشش کر رہا ہے' ہیڈ سپروائزر کا اعلیٰ حکام سے کارروائی کا مطالبہ

رحیم یار خان، رکن یوسی (سٹاف رپورٹر) ہیڈ سپروائزر دستفراہ پنجاب تحصیل رحیم یار خان ملک محمد ابراہیم نے گزشتہ روز ورکرز اور سپروائزرز کے ہمراہ بلیک میلر اور ستفرا پنجاب کے کام میں رکاوٹ ڈالنے والے

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 10

رحیم یار خان: ہیڈ سپروائزر دستفراہ پنجاب تحصیل رحیم یار خان ملک ابراہیم ورکرز اور سپروائزرز کے ہمراہ بلیک میلرز کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں۔

ڈی پی او عرفان علی سموں کی کراچی میں رہائش گاہ پر ڈکیتی کی واردات

مسلح ڈاکو گھر میں موجود افراد کو یرغمال بنا کر لوٹ مار کر کے فرار' دو ڈاکو گرفتار

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عرفان علی سموں کی کراچی ڈکیتی کی واردات میں رہائش گاہ پر مسلح ڈاکو

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 12

ٹریفک حادثات میں کمسن بچے سمیت تین جاں بحق

موٹر سائیکل سوار ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گیا' کمسن بچے کو نامعلوم گاڑی نے کچل ڈالا

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) موٹر سائیکل سوار حیدرآباد کی ہوکر سامنے چاندوالی ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گیا

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 13

رحیم یار خان: ریسکیو ایمبلینس موٹر سائیکل حادثے میں زخمی ہونیوالے جاں بحق بچی امداد فراہم کر رہے ہیں

واپڈا ہائیڈرو یونین الیکشن' بھلی مارچ سے میدان ماریں گے' محمد دین شاکر

ہمارا مقصد ذاتی مفادات نہیں بلکہ ہر کارکن کی عزت، فلاح اور مضبوط آواز کو یقینی بنانا ہے' تمام مزدور بھائی لائن اسٹاف

میٹر ریڈرز اور دیگر ملازمین اتحاد، بھائی چارے کو برقرار رکھتے ہوئے پینل کا بھرپور ساتھ دیں

رحیم یار خان (نمائندہ خصوصی) میپکو سب ڈویژن خان

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 9

ڈی پی او کا محرم الحرام کے دوران امن و امان کے تسلسل کو برقرار رکھنے کا حکم

ایس ایچ اوز کے امام بارگاہوں، جلوسوں کے روٹس اور مجالس کے مقامات کے دورے

رحیم یار خان (بیڈ آؤٹ) ڈی پی او

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 8

رحیم یار خان: ایس ایچ اوز ضلع بھر میں امام بارگاہوں اور محرم الحرام کے جلوس کے روٹس اور مجالس کے مقامات کے سکیورٹی کے سلسلہ میں جائزہ لیتے ہوئے

دوسری شادی کی خواہش برادر نسبتی نے بہنوئی کو موت کے گھاٹ اتار دیا

مال شدید زخمی طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل' ملزم موقع سے فرار' مقدمہ درج

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) دوسری شادی کرنے کی خواہش ظاہر کرنے پر برادر نسبتی نے فائرنگ کر کے بہنوئی کو موت

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 14

مختلف اضلاع میں روڈز کی تعمیر و مرمت تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن

مریم نواز کا پنجاب کے بڑے شہروں میں جدید ٹریفک سسٹم رائج کرنے کا حکم

لاہور (بیڈ آؤٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 15

عظیم کا ایف بی آر کو جون تک ٹیکس ریفنڈ کے تمام کیسز نمٹانے کا حکم

وزیراعظم کا ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس کی اعلیٰ قیادت کے وفد کی ملاقات' وفاقی بجٹ اور معیشت کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

صنعتی پیداوار اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے آئندہ بجٹ میں مزید سہولتیں فراہم کی جائیں گی: شہباز شریف

اسلام آباد (نیوز ڈیسک بورو) وزیراعظم نے ملک بھر کی کاروباری برادری نے ملاقات کی، وزیراعظم نے ٹیکس ریفنڈز جون تک نمٹانے اور پرمٹ کا دفتر کراچی منتقل کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم محمد شہباز

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 7

وزیراعظم شہباز شریف ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی اعلیٰ قیادت کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

تھانہ آب حیات اور اسلام گڑھ پولیس کی کارروائیاں

مجرم اشتہاری سمیت چار ملزمان گرفتار' ناجائز اسلحہ برآمد' مقدمات درج

رحیم یار خان (بیڈ آؤٹ) تھانہ آب حیات اور اسلام گڑھ پولیس کی کارروائیوں میں مجرم اشتہاری سمیت چار ملزمان گرفتار

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 16

رحیم یار خان: تھانہ نئے ڈھچ والے ایس آئی ایاز احمد تبسم جبکہ گرفتار ملزمان اور برآمدگی موجود

تھانہ کوٹسمیل پولیس مقابلہ میں ایک ڈاکو ہلاک دو فرار

اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد' ڈی پی او عرفان سموں کی پولیس ٹیم کو شاباش

رحیم یار خان (بیڈ آؤٹ) تھانہ کوٹسمیل پولیس مقابلہ میں ایک ڈاکو ہلاک دو فرار، اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد۔ ایس ایچ او

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 17

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب بار کونسلز میں ای کورٹس کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فرینڈز گروپ کے اعزاز میں عشائیہ' چیمبر انتخابات حکمت عملی پر مشاورت

میاں عامر شہباز' عبدالرؤف مغل، خواجہ بشیر احمد، جاوید ارشاد وگھر کی راشد رفیق اور ایم پی اے چوہدری محمود احمد کے مشاورتی میں شرکت

گروپ کیساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اور باہمی اتحاد و مشاورت کے ذریعے چیمبر کے انتخابات میں کامیابی حاصل کریں گے: شرکاء

رحیم یار خان (نمائندہ خصوصی) ضلعی صدر مرکزی انجمن تاجران و گروپ لیڈر فرینڈز گروپ چوہدری عبدالرؤف مغل، سابق صدور رحیم یار خان چیمبر آف کامرس

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 4

رحیم یار خان: فرینڈز گروپ کے چیئرمین میاں عامر شہباز، چوہدری عبدالرؤف مغل، خواجہ بشیر احمد، چوہدری جاوید ارشاد، چوہدری عاطف خلاد وغیرہ کا سابق تحصیل ناظم لیاقت چوہدری، راشد رفیق اور کونسلر مصباح الدین سہیل چوہدری محمود احمد کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر گروپ فوٹو

ڈپٹی کمشنر کا جناح پارک کے اطراف سیوریج متاثرہ گلیوں کا دورہ

واسا کی جانب سے جاری نکاسی آب کے کاموں کا تفصیلی جائزہ' نکاسی آب کے عمل کو مزید موثر بنانے کیلئے سیوریج لائنوں کی

اوپن مینہولز کے ذریعے مکمل صفائی کی ہدایت' شہریوں کو صاف ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی مقامی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے: شہریوں اور

رحیم یار خان (بیڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر شہر انور چیمہ نے عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے جناح پارک کے اطراف سیوریج سے متاثرہ گلیوں کا دورہ کیا اور واسا کی جانب سے جاری نکاسی آب کے کاموں کا تفصیلی

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 5

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر شیخ انور چیمہ جناح پارک سیوریج سے متاثرہ گلیوں میں واسا کی جانب سے جاری نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

اسرائیل کے لبنان پر حملے' ایران نے امریکا سے مذاکرات معطل کر دیئے

لبنان بھی ایران اور امریکا کے درمیان طے پانیوالی جنگ بندی کی بنیادی شرائط میں شامل تھا تاہم اسرائیل مسلسل لبنان میں

حزب اللہ پر حملے کر کے جنگ بندی کی خلاف ورزی کر چکا ہے' اسی بنا پر امریکا کیساتھ جاری مذاکرات اور مسودات کے جواب کو معطل کر دیا

تہران (نیوز ڈیسک) اسرائیل کے لبنان میں حزب اللہ کے ٹھکانوں پر فضائی حملوں کے خلاف ایران نے امریکا کے ساتھ جاری جنگ بندی مذاکرات پر بات چیت سے انکار کر دیا' اس بات کا دعویٰ ایران کے نیم سرکاری خبر رساں ادارے "تسنیم" نے ایرانی مذاکراتی ٹیم اور ایک باخبر ذرائع کے حوالے سے کیا ہے۔ ایرانی میڈیا

باقی صفحہ آخر بقیہ نمبر 6

ڈپٹی کمشنر شیخ انور چیمہ صادق کینال سے ملحقہ مویشیوں کی جنگل اور دیگر لگائے گئے پودوں کی نگہداشت کے لئے جاری اقدامات کا جائزہ لے رہے ہیں

عمدہ اور لذیذ مٹھائیوں کا مرکز
جالندھر سویٹس اینڈ بیکرز
شاہی روڈ رحیم یار خان فون 068-5885900

طاہر
ماہر امراض جلد
ڈاکٹر حکیم حافظ محمد وسیم صادق
ڈی ایم ایس (جناب آمریہ) پی (پاکستان)
ڈی ایچ ایس (جناب آمریہ) آر ایچ پی (پاکستان)
ہومیو سٹور اینڈ ہسپتال
بانو بازار رحیم یار خان فون: 068-5878320,5877170

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر ظہیر انور چیہ گورنمنٹ بوائز کالونی ہائی سکول میں قائم انتخابی مرکز کا دورہ کر رہے ہیں

01

پنجنیوز

مذاکرات ہی مسائل کا حل ہیں: کالا کالاں نے کہا کہ سٹریٹ مذاکرات کے دوران مختلف اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، انہوں نے اسلام آباد میں پرتپاک استقبال پر جناب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آنے والے برسوں میں پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعاون مزید فروغ پائے گا۔ یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ نے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکراتی رابطوں میں پاکستان کے کردار کو سراہا اور کہا کہ اسلام آباد عالمی کی کوششیں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران اور امریکا میں تناؤ نے دنیا کو تباہی کے عظیم بحران سے دوچار کیا، جس کے باعث پائیدار جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کے تسلسل کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔ کالا کالاں نے کہا کہ 2026 کے لیے نیا ایجنڈا بنوف پاک یورپی یونین تعلقات کو خود مستحکم اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ بنانا ہے۔ سٹریٹ داری تجارت اور اقتصادی ترقی کے حوالے سے بھی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور یورپی یونین علاقائی اور عالمی استحکام کے حوالے سے مشترکہ ترجیحات رکھتے ہیں، جبکہ پاکستان خطے کی ایک بڑی طاقت ہے اور یورپی یونین کا اہم شراکت دار ہے۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے یورپی یونین کے وفد کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے پاکستان کے یورپی یونین کے ساتھ تعلقات مزید گہرا بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یورپی قیادت اور کابل کا اس کی جانب سے پاکستان کے ساتھ مسلسل رابطہ قابل ستائش ہے، خصوصاً پاک بھارت کشیدگی اور امریکہ۔ایران تنازع کے دوران دونوں فریق قریبی رابطے میں رہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان یورپی یونین سٹریٹجک وژن طویل المدتی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے لیے سٹریٹجک ڈائیلاگ کا مسلسل دونوں فریقوں کے درمیان مشترک اور مستقل پہلو تعلقات کی نگہداشت کرتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مذاکرات کے حالیہ دور سے مثبت اور بامعنی نتائج برآمد ہوں گے اور دونوں جانب تعاون کے سنگ میل کی حیثیت اور مشترکہ مفادات کے فروغ پر توجہ دی جائے گی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور یہ اہم قابل ذکر ہے کہ یورپی یونین کے کسی اعلیٰ خارجہ پالیسی عہدیدار کا پاکستان کا یہ پہلا دورہ 7 برس بعد ہوا ہے۔ یورپی خارجہ نے تاہیٔ کہ سٹریٹجک مذاکرات کے دوران سیکورٹی، انسانی دوستہ گردی اور افغانستان میں عبوری حکومت اور بقیہ ہندوستان کے معاصر کی موجودگی سے متعلق امور پر بھی بات چیت کی گئی، انہوں نے امریکا اور ایران بحران کے دوران تعاون پر یورپی یونین کا شکریہ بھی ادا کیا۔ پاکستان یورپی یونین سٹریٹجک ڈائیلاگ کا 8واں دور سیکورٹی، علاقائی صورتحال، تجارت، سرمایہ کاری، کیپٹل مارکیٹ، توانائی، ماحولیاتی تبدیلی، انسانی حقوق اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں قریبی تعاون جاری رکھے ہوئے ہے۔ یورپی یونین پاکستان کی دوسری بڑی تجارتی شراکت دار ہے، جبکہ جی ایس پی فریم کے تحت پاکستانی مصنوعات کو یورپی منڈیوں تک ڈیوٹی فری رسائی حاصل ہے۔

02

پنجنیوز

ہمارے لوگوں نے قائد عوام و قائد اعظم علی بھٹو کے ساتھ وفا کی اور عوام نے یہاں کے غریب، کمزور اور پسماندہ طبقے کا ساتھ دیا، انہوں نے کہا کہ جب وفاقد علی بھٹو گلشن پاکستان آئے تو انہوں نے یہاں غربت، پسماندگی اور مہنگائی کو دیکھا اور کہا تھا کہ گلشن پاکستان کے عوام کی قسمت میں ہمیشہ غریب رہنا لکھا ہے۔ بھٹو کے روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ صرف بلند نہیں کیا بلکہ اس پر عملدرآمد بھی کیا اور گلشن پاکستان کے لیے سہولتی کا کنڈیا جو آج بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گندم اور پیٹرول پر سبسڈی بھی بھٹو کے خوبصورت کا نتیجہ ہے اور آج بھی غریب عوام کو اس سے فائدہ پہنچ رہا ہے۔ اگر پاکستان کے پاس جوہری توانائی ہے تو وہ بھی بھٹو کے خوبصورت کی وجہ سے ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کو شہید کرنے والوں نے سمجھا تھا کہ غریبوں، مزدوروں، کسانوں، طلبہ اور جمہوریت کی آواز کو خاموش کیا جا سکتا ہے مگر ایسا نہ ہو سکا۔ شہید محترمہ بے ظفیر بھٹو نے پارٹی کا پرچم سنبھالا اور تین دہائیوں تک عوام، خواتین، نوجوانوں، مزدوروں اور کسانوں کی آواز بنی رہیں۔ انہوں نے کہا کہ محترم کی محبت اور حمایت کی وجہ سے بے ظفیر بھٹو مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم بنیں اور 2 مرتبہ وزیراعظم منتخب ہوئیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ دنیا میں آج بھی پاکستان کی شناخت بے ظفیر بھٹو کے جینے اور قربانی کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے اپنے دور وزارت خارجہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عالمی رہنما انہیں صرف محترم وزیراعظم کے طور سے نہیں بلکہ بے ظفیر بھٹو کے بیٹے اور ذوالفقار علی بھٹو کے نواسے کے طور پر بھی عزت دیتے تھے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ وہ ایک بار پھر عوام کے پاس حمایت حاصل کرنے آئے ہیں۔ گلشن پاکستان کے عوام نے کبھی پیپلز پارٹی کو مایوس نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ انتخابات میں پارٹی سے نشستیں چھین لی گئی تھیں، اس بار عوام کو یقینی بنانا ہوگا کہ پیپلز پارٹی کا امیدوار اسمبلی میں پہنچے۔ بلاول کا کہنا تھا کہ اگر ان کی نامزد منتخب ہوگا تو وہ وسائل اور ترقیاتی امور کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ عوام 45 کا بندوبست عوام نے کرنا ہے، فارم 47 کا بندوبست وہ خود کریں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ انہیں یقین ہے کہ اس بار پیپلز پارٹی کے ساتھ کوئی ناانصافی نہیں ہوگی اور نہ ہی کوئی نشست چرائی جائے گی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ انتخابی دن گھروں سے نکلیں، ووٹ ڈالیں اور فارم 45 حاصل کر کے گھر جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گلشن پاکستان میں صاف اور شفاف انتخابات کرائے جائیں۔ عوام پیپلز پارٹی کے امیدوار کو ووٹ دیں تاکہ وہ اسی طرح خدمت کر سکیں جس طرح ذوالفقار علی بھٹو اور بے ظفیر بھٹو نے کی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا بنیادی نصب العین گلشن کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور یہ اہم قابل ذکر ہے کہ یورپی یونین کے کسی اعلیٰ خارجہ پالیسی عہدیدار کا پاکستان کا یہ پہلا دورہ 7 برس بعد ہوا ہے۔ یورپی خارجہ نے تاہیٔ کہ سٹریٹجک مذاکرات کے دوران سیکورٹی، انسانی دوستہ گردی اور افغانستان میں عبوری حکومت اور بقیہ ہندوستان کے معاصر کی موجودگی سے متعلق امور پر بھی بات چیت کی گئی، انہوں نے امریکا اور ایران بحران کے دوران تعاون پر یورپی یونین کا شکریہ بھی ادا کیا۔ پاکستان یورپی یونین سٹریٹجک ڈائیلاگ کے 8واں دور سیکورٹی، علاقائی صورتحال، تجارت، سرمایہ کاری، کیپٹل مارکیٹ، توانائی، ماحولیاتی تبدیلی، انسانی حقوق اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں قریبی تعاون جاری رکھے ہوئے ہے۔ یورپی یونین پاکستان کی دوسری بڑی تجارتی شراکت دار ہے، جبکہ جی ایس پی فریم کے تحت پاکستانی مصنوعات کو یورپی منڈیوں تک ڈیوٹی فری رسائی حاصل ہے۔ ساتھ رسائی حاصل ہے۔

03

پنجنیوز

رحیم یار خان: تھانہ صدر اور اسلام گڑھ پولیس کی کارروائیوں میں گرفتار ملزمان اور برآمدگی موجود

04

پنجنیوز

خواجہ شیر احمد اور چوہدری جاوید راشد اور انجمن تاجران جنوبی پنجاب کے رہنما چوہدری عاطف خطار، انجمن تاجران شاہی روڈ کے نائب صدر چوہدری وقاص اقبال، جنرل سیکرٹری انجمن تاجران لیاقت پور چوہدری اور رہنما انجمن تاجران لیاقت پور چوہدری یاسین نے سابق وفاقی وزیر لیاقت پور چوہدری چوہدری راشد رفیق اور کرن صوبائی اسمبلی چوہدری محمود احمد کی جانب سے دیے گئے عشائیہ میں شرکت کی۔ اس موقع پر چوہدری راشد رفیق اور کرن صوبائی اسمبلی چوہدری محمود احمد کی جانب سے دیے گئے عشائیہ میں شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء کے درمیان رحیم یار خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آئندہ انتخابات سمیت تاجروں کو درپیش مسائل اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں شرکاء نے فریڈ زگروپ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ گروپ کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اور باہمی اتحاد و مشاورت کے ذریعے چیمبر آف کامرس کے انتخابات میں کامیابی حاصل کریں گے۔

05

پنجنیوز

جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایس ڈی او واسا اسد غفار اور حفاظتہ اشران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف مقامات پر سیوریج لائنوں کی صورتحال کا معائنہ کیا اور کہا کہ آب رسانی کو مزید بہتر بنانے کے لیے سیوریج لائنوں کی ڈیپ کلین مشینوں کے ذریعے عمل صفائی کی ہدایت جاری کی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی شہری انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ اسی لیے سیوریج سے متعلق موصول ہونے والی تمام شکایات کا فوری اور مؤثر ازالہ یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کو سیوریج لائنوں کی صفائی، شکایات کے جاری اقدامات اور مسائل کے مستقل حل کے لیے کیے جانے والے انتظامات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ متاثرہ علاقوں میں شکایات کی آب کے کام کو تیز کیا جائے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر ظہیر انور چیہ نے صادق کیمپل کے قریب محمد سیاوا کی جنگل کا دورہ کیا اور شجرکاری مہم کے تحت لگائے گئے پودوں کی نگہداشت، افزائش اور آبپاشی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ انتظامیہ کو ہدایت کی کہ پودوں کی باقاعدہ دیکھ بھال، بروقت پانی کی فراہمی اور حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں تاکہ شجرکاری مہم کے ثمرات دیرپا ثابت ہوں اور ضلع میں سرسبز شاداب ماحول کے فروغ کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے۔

06

پنجنیوز

کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ لبنان میں ایران اور امریکا کے درمیان طے پانے والی جنگ بندی کی بنیادی شرائط میں شامل تھا: تمام امریکی مسلسل لبنان میں حزب اللہ کے خلاف کرے گا جنگ بندی کی خلاف ورزی کرے گا، یہ امر آج حق وزیراعظم لبنان کے ہاتھوں ایران کے ذریعے امریکا کے ساتھ جاری مذاکرات اور سمجھوتے کے تناؤ کے معطل کر دیا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ خزاوہ اور لبنان میں امریکی جنگ کا فوری خاتمہ اور لبنان سے امریکی فوج کا مکمل انخلا ناگزیر ہے۔ ایران میڈیا رپورٹ کے مطابق باخبر ذرائع نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ جب تک ان مطالبات پر پیش رفت نہ ہوتی امریکا کے ساتھ کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے۔ تاہم ایران حکومت یا قیادت کی جانب سے امریکا کے ساتھ جاری جنگ بندی مذاکرات معطل کرنے کی تردید یا تصدیق سامنے نہیں آئی ہے تاہم ایرانی وزرا کے حتمی بیانات اس جانب اشارہ ضرور دیتے ہیں۔ ایرانی پارلیمان کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا تھا کہ لبنان میں اسرائیلی جنگ اور ایران کی بندرگاہوں پر امریکی ناکہ بندی کی خلاف ورزی اور امریکا کی عدم پاسداری کا ثبوت ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی تمام محاذوں، بشمول لبنان، پر لاگو ہوتی ہے اور لبنان میں خلاف ورزی کو پورے معاہدے کی خلاف ورزی سمجھا جائے گا۔ وزارت خارجہ نے ترجمان اسمائیل بقائی نے بھی کہا کہ لبنان میں اسرائیلی حملے اور امریکا کے متضاد مؤقف مذاکرتی عمل میں رکاوٹ بن رہے ہیں اور جنگ بندی کی بھی پیش رفت کے لیے ضروری ہے۔

07

پنجنیوز

شریف سے ملک بھر کے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی اعلیٰ قیادت کے وفد سے ملاقات کی، جس میں آئندہ وفاقی بجٹ، صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور معیشت کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے اس موقع پر کہا کہ حکومت کی مسلسل محنت اور مؤثر پالیسیوں کے باعث عالمی معیشت کو استحکام ملا ہے اور اب خیز تر معاشی ترقی کے حصول کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے لیتھیم ذخائر کی دریافت اور اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے آئندہ بجٹ میں مزید سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ وزیراعظم نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو ہدایت دی کہ 15 جون تک ٹیکس ریفنڈ کے تمام زیر التوا کیسز نمٹائے جائیں تاکہ کاروباری برادری کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات پر مبنی معاشی ترقی حکومت کا بنیادی مشن ہے اور اسے جاری رکھا جائے گا۔ وزیراعظم نے اس امر کا بھی شمہ کیا کہ پالیسی ریٹ میں حالیہ اضافے کے باوجود بینکوں نے ایکسپورٹ ری فنانس اسکیم کی شرح جون 2027 تک 4.5 فیصد برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے برآمد کنندگان کو سہولت ملے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کاروباری برادری کی سہولت کیلئے پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (پی آر اے ایل) کا مرکزی دفتر کراچی منتقل کرنے کی ہدایت بھی جاری کی۔ علاوہ ازیں دو ان ملک مقیم پاکستانیوں اور تاجروں کی درخواست پر گجرات میں پاسپورٹ دفتر قائم کرنے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ایس ایم ای بینکرز کی ترقی، اصلاحات اور سہولتوں کی فراہمی کو حکومت کے معاشی ایجنڈے کا اہم حصہ قرار دیتے ہوئے وزیراعظم نے مقامی سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ جوائنٹ وینچرز کے ذریعے الیکٹرک وہیکلز کی مقامی پیداوار کو فروغ دیں۔ وفد کے شرکاء نے وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں کشیدگی کم کرنے اور امن کے فروغ کیلئے ستائشی کوششوں کو سراہا۔ کاروباری برادری کے نمائندوں نے حکومت کے ساتھ مضبوط تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان کی معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع بڑھانے کیلئے حکومت کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وفد نے "وزیراعظم اینا گرہ پروگرام" کے تحت کم اور متوسط آمدنی والے طبقے کیلئے آسان شرائط پر فرنس کیسم کے اجرا کا خیر مقدم کیا۔ شرکاء نے ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ فنڈ کے تحت برآمد کنندگان کو اضافی سہولتیں فراہم کرنے کی تجویز دی اور کہا کہ ایف بی آر کی کامیاب ٹیکاری، ایف بی آر کی ڈیجیٹائزیشن اور ایف۔ انوائسنگ جیسے اقدامات پر بھی تعریف کی گئی۔ اجلاس میں وزیراعظم نے ایف بی آر کی شاندار کارکردگی پر شکریہ ادا کیا اجلاس میں ایف بی آر کی ٹیکس وصولی کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے مطابق ایف بی آر کی ٹیکس وصولی کو مزید بہتر بنانے کیلئے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے، ٹیکس چوری کی روک تھام اور ٹیکس نظام کو مزید شفاف